© rasailojaraid.com

تاثرات

اسلام جن امور پر زور دیتا ہے، ان میں اخلاقِ حسنہ کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ کے آخری پیغمبر ہیں، جن پر سلسلۂ وحی و تنزیل ہمیشہ کے لیے ختم ہوگیا۔ آنحضرت اس دنیا میں اخلاقِ حسنہ کے سب سے بڑے داعی اور اس کا عظیم الشان عملی نمونہ تھے۔ قرآنِ مجید میں آپ کے لیے فرمایا گیا ہے:

وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ○ (القلم ۰ ۴)

اے پیغمبر! آپ اخلاق کے بہت بڑے مرتبے پر فائز ہیں۔

قرآنِ مجید میں بہت سے مقامات پر آنحضرت کے اخلاق و عادات کا ذکر فرمایا گیا ہے اور اس باب میں آپ کی بے حد تعریف کی گئی ہے۔ کتب احادیث میں بھی متعدد مواقع پر آپ کے علوِ اخلاق کی وضاحت موجود ہے اور بے شمار ایسے واقعات معرضِ بیان میں آئے ہیں جو آپ کی اخلاقی رفعت کی شہادت دیتے ہیں۔

اخلاق کو اسلامی تعلیمات میں جزوِ اعظم کی حیثیت حاصل ہے اور یہ ایسی لازمی قدر ہے، جس کے بغیر ایمان کی تکمیل نہیں ہوسکتی اور احکامِ اسلامی پر عمل نہیں کیا جاسکتا۔ اخلاق صرف تواضع، انکساری، خاکساری، رافت و شفقت اور رحم و مہربانی کا نام نہیں ہے۔ بلکہ اخلاق کے حدود نہایت وسیع ہیں اور یہ وہ شے ہے جس کو زندگی کے ہر معاملے اور حیاتِ انسانی کے ہر پہلو میں نمایاں ہونا چاہیے۔ چھوٹے بڑے، غریب امیر، دوست اور دشمن، اپنے بیگانے، دوستی، خلوت، جلوت، غرض مقام اور موقع پر اس کا عملی اظہار ہونا چاہیے۔ اسلام فرد اور معاشرے کو یہ تعلیم دیتا ہے کہ دنیا کے ہر معاملے میں ایسا رویہ اختیار کیا جائے، جس سے دوسرے کی نہ صرف دل شکنی نہ ہو بلکہ اس کے طرزِ عمل سے دلی مسرت حاصل ہو۔

اسلام، امن اور سلامتی کا مذہب ہے اور وہ مسلمانوں کو یہی تعلیم دیتا ہے کہ خود بھی ہر لحاظ سے

(باقی ص ۵۲)

© rasailojaraid.com